# مدینہ منورہ میں قرآن پاک کی طباعت کا شاہ فہد کمپلیکس

تلخیص و ترجمانی: صفدر سلطان اصلاحی

قرآن پاک کی طباعت کے لئے قائم "مجمع الملک فہد" نے ایک اہم اسلامی مرکز کی حیثیت اختیار کرلی ہے جو اپنے مختلف النوع اشاعتی پروگراموں کے وسیلہ سے نہ صرف دعوتِ اسلامی کا فریضہ انجام دے رہا ہے بلکہ پورے عالم میں قرآن حکیم کے تعارف اور اس کی ترسیل کا نہایت موثر ذریعہ ثابت ہو رہا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ مجمع الملک فہد کا قیام قرآن پاک اور اس کے تراجم کی توسیع و اشاعت کے میدان میں ایک نئے عہد کا آغاز ہے۔ اس ادارہ کی خدمات کے تعارف کے لئے "اخبار المدینہ" نے اکیڈمی کے سکریٹری جنرل ڈاکٹر محمد سالم العوفی کا ایک انٹرویو شائع کیا ہے۔ افادۂ عام کے پیش نظر اسے یہاں شائع کیا جا رہا ہے۔

## مجمع الملک فہد کے اغراض و مقاصد

مجمع الملک فہد برائے طباعت و اشاعت قرآن پاک کے ابتدائے قیام ہی سے سعودی حکمرانوں کے پیش نظر قرآنِ پاک اور اسی کے ساتھ سیرت و سنت نبوی کی خدمت اور ترویج و اشاعت کا عظیم مقصد رہا ہے۔ چنانچہ اس قیام کے درج ذیل مقاصد پائے جاتے ہیں:

## ۱. قرآن مجید کی طباعت و اشاعت

یہ اس ادارہ کا اساسی اور اہم ترین مقصد ہوگا اس کا مطلب یہ ہے کہ روئے زمین کے ہر گوشے میں رہنے بسنے والے مسلمانوں کے ہاتھ میں قرآن مجید کے جاذب نظر اور دلکش نسخے پہنچائے

جائیں۔ اس کام کو انجام دینے کے لئے مجمع نے علماء حفاظ، اور مختلف علوم کے محققین پر مشتمل کمیٹی قائم کی۔ تاکہ مصحف پاک کی صحیح ترین اور نہایت اعلیٰ اور پاکیزہ انداز میں قرآن کی اشاعت کا کام انجام پائے۔ چنانچہ اس نے مشہور خطاط عثمان طٰہٰ کا کتابت شدہ مصحف اس کی خوبیوں کی بنیاد پر منتخب کیا۔ اور اشاعت کے لئے "مصحف مدینہ نبوی" پر اعتماد کیا۔ یہ مصحف اس ادارہ کی اشاعتی کاوشوں کا اولین ثمرہ تھا۔

## ۲۔ مختلف زبانوں میں قرآن حکیم کے تراجم کی اشاعت

مجمع ان تمام زبانوں میں قرآن پاک کے تراجم فراہم کرنے کی کوشش کر رہا ہے جو دنیا کے مختلف گوشوں میں مسلمانوں کے درمیان بولی اور بھی جاتی ہیں۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے پہلے سے موجود تراجم پر نظرثانی کرنے کے لئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔ اس کے نتیجہ میں ۱۴۱۵ھ کے آخر تک اس ادارہ سے قرآن پاک کے سترہ تراجم شائع ہو چکے ہیں۔

## ۳۔ قرآن کریم کے آڈیو کیسٹ کی تیاری

یہ کام بھی مجمع کی ترجیحات میں داخل ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان جہاں کہیں بھی رہیں۔ ان آڈیو کیسٹس کا استعمال کر سکیں۔ مجمع کے پاس ریکارڈنگ کا ایک اسٹوڈیو ہے جس میں جدید ترین آلات اور تکنیکی سہولیات فراہم ہیں۔ یہاں علماء کی ایک کمیٹی کی نگرانی میں سعودی عرب اور دنیا کے بڑے اور بہترین قراء کی آواز میں قرآن حکیم کی آیات کی ٹیپ ریکارڈنگ کی جاتی ہے۔ اب مختلف زبانوں میں قرآن حکیم کے تراجم کے کیسٹوں کی تیاری بھی مجمع کے آئندہ منصوبوں میں شامل ہے۔

## سنتِ نبوی اور سیرت پاک کی خدمت

اس مقصد کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد عوفی نے کہا کہ "مجمع الملک فہد برائے طباعت واشاعت قرآن" سنت اور سیرت کے میدان میں مدینہ منورہ کی اسلامی یونیورسٹی کے تعاون سے قابلِ قدر خدمات انجام دے رہا ہے۔ اس کام کے لئے مجمع نے باقاعدہ طور سے ایک مرکز قائم کر رکھا ہے جو حدیث اور سنت سے متعلق کتابیں، مخطوطات، دستاویزات اور اہم معلومات تک رسائی

اوران کی حفاظت وترتیب کا کام سنبھالے ہوئے ہے۔ اس وقت اس کے پیش نظر ایک اہم کام حدیث اور سنتِ نبوی سے متعلق ایک انسائیکلوپیڈیا کی تیاری ہے۔ ساتھ ہی عمومی افادیت کے پیش نظر احادیث نبوی کو کمپیوٹر میں محفوظ کرنے کا بھی پروگرام آخری مراحل میں ہے۔ مرکز کے مقاصد میں یہ بھی شامل ہے کہ ایسی تحقیقی اور مدلل کتابیں تالیف کی جائیں۔ جن کے ذریعہ سیرت اور سنت کے تعلق سے ابھرنے والے شکوک وشبہات اور پروپگنڈہ کا جواب دیا جا سکے اور ان کے ازالہ ودفاع کا سامان فراہم ہو سکے۔

## ۹ کروڑ ساٹھ لاکھ مصاحف

مجمع کی کاوشوں کے ماحصل اور نتائج کا جائزہ لیتے ہوئے ڈاکٹر محمد سالم عوفی نے بتایا کہ اس وقت مجمع الملک فہد کو سال میں تین کروڑ مصاحف کی طباعت کی صلاحیت حاصل ہے۔ عملاً اس نے سال میں ایک کروڑ تک مصاحف کی طباعت مکمل کی ہے۔ مجمع مختلف سائز اور شکل کے مصاحف طبع کرا رہا ہے۔ اس وقت تک ۳۵ مختلف ایڈیشن سامنے آچکے ہیں۔ جن کے الگ الگ نام ہیں! اور ان کا معیار طباعت بھی مختلف ہے۔ ان میں مکمل قرآن پاک بھی ہیں اور پاروں اور سورتوں پر مشتمل علیحدہ اجزا بھی ”مصحف المدینۃ النبویہ“ کی طباعت میں حضرت حفص عن عاصم کی روایت اور ورش عن نافع کی روایت کو سامنے رکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن پاک کی بعض دوسری روایتوں کو سامنے رکھ کر طباعتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ مجمع کی ایک پیشکش خط نسخ میں مصحف کی اشاعت بھی ہے۔ اس طرح ۱۴۱۵ھ کے اختتام تک مختلف سائز اور رنگ کے کل نو کروڑ ساٹھ لاکھ مصاحف تیار کرائے گئے۔ ان میں سے ۸ کروڑ ساٹھ لاکھ قرآن پاک اور ان کے تراجم خادم الحرمین الشریفین کی طرف سے مختلف ممالک میں بھیجے جا چکے ہیں۔ ہر سال حج کے موقع پر ہر حاجی کی خدمت میں مجمع کا مطبوعہ قرآن پاک کا ایک نسخہ بطور ہدیہ پیش کیا جاتا ہے

## قرآن پاک کے تراجم

دنیا کی مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم اور ان کے ویڈیو کیسٹس کی تیاری کے ضمن

میں مجمع الملک فہد کی کاوشوں کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

مجمع مختلف زبانوں میں قرآن پاک کے تراجم کی تیاری میں ادارہ "البحوث العلمیۃ والافتاء" "رابطۃ العالم الاسلامی" اور اسلامی ممالک میں قائم تحقیقی مراکز سے رابطہ رکھتا ہے اور ان کے ساتھ تعاون کرتا ہے۔ ۱۴۱۵ھ تک دنیا کی کل سترہ زبانوں میں یہ تراجم پیش کئے جا چکے ہیں ان میں انگریزی، فرانسیسی، چینی، ترکی، صومالی، تمل، بوسنی، بنگالی، اُردو، انڈونیشی اور البانی قابلِ ذکر ہیں۔

یہ تراجم دنیا کے متعدد ممالک اور اسلامی تنظیموں کو بھیجے جاتے ہیں اور ان سے تعارف قرآن کی بنیادی ضرورت کی تکمیل ہوتی ہے۔

قرآن پاک کے وڈیو کیسٹس کی تیاری کی صورت حال یہ ہے کہ ۱۴۱۵ھ تک مجمع نے مسجد نبوی کے امام شیخ علی بن عبدالرحمٰن الحذیفی، شیخ محمد ایوب اور شیخ ابراہیم الاخضر کی آوازوں میں پورے قرآن پاک کے کیسٹس تیار کر لئے ہیں۔ اس وقت مجمع سالانہ چودہ لاکھ سے زیادہ کیسٹس تیار کر لیتا ہے۔ قرأت کے علاوہ مختلف زبانوں میں ترجمہ قرآن کی ریکارڈنگ بھی ہو رہی ہے۔ اپنے منصوبوں کی تکمیل اور متوقع نتائج کے حصول کے لئے مجمع نے طباعت، فوٹو آفسیٹ اور ریکارڈنگ کی انتہائی عمدہ مشینیں، جدید ترین آلات اور اعلیٰ ترقی یافتہ ٹکنالوجی فراہم کی ہے۔

## مجمع کا پریس

دنیا کا ایک بڑا اور ترقی یافتہ پریس ہے۔ اس میں ایک سو چالیس سے زیادہ انجینیر، ماہرین فن اور کاریگر کام کرتے ہیں اس میں چھپائی کے لئے بارہ ایسی مشینیں ہیں جو بیک وقت کئی رنگوں میں طباعت کرتی ہیں۔ ان میں لیزر پرنٹنگ مشین بھی ہے جو ایک گھنٹے میں تین سو پلیٹیں چھاپ لیتی ہے اس میں الکٹرانک کیمرے نصب ہیں جو اثنائے طباعت واقع ہونے والی ہر قسم کی خرابی پر نظر رکھتے ہیں۔ اس پریس کے اندر لیف پرنٹنگ کی تین سو مشینیں ہیں۔ جو ایک گھنٹے میں بیس ہزار سے پینتیس ہزار تک پلیٹیں چھاپ دیتی ہیں۔ پریس کے کمپوزنگ اور فوٹو گرافی کے شعبہ میں عربی حروف کی کمپوزنگ کا کمپیوٹر بھی ہے۔ اس سے مختلف زبانوں میں تراجم قرآن کی تیاری میں خاص طور سے

مدلی جاتی ہے۔ پریس کے اندر چار انتہائی بڑے لنس LENS والی الکٹرانک کیمرا مشینیں ہیں۔ ان کے ذریعہ عکس شدہ صفحات میں رنگ آمیزی اور حروف، الفاظ وعبارات کی فنّی اصلاح و تصیح کا کام لیا جاتا ہے۔

پریس کے جلد سازی کے سکشن میں ساٹھ سے زیادہ جدید قسم کی مشینیں ہیں جو جلد سازی کے مختلف مراحل کا کام انجام دیتی ہیں۔ ان میں گیارہ مشینیں فولڈنگ کے لئے ہیں جو ایک گھنٹے میں ۵۰۰۰ اجزاء، فولڈ کرسکتی ہیں۔ ان میں تین مشینیں مصحف شریف کے اجزاء FORMS کو جمع کرتی ہیں۔ ایک گھنٹے میں ایک مشین ۲۵۰۰ مصاحف جمع کر لیتی ہے۔ وہاں مختلف اجزاء کو ایک ساتھ ملا کر سینے کے لئے اٹھارہ الکٹرانک مشینیں ہیں ان میں تین ایسی ہیں جو انتہائی باریک سلائی کرتی ہیں کسی طرح کا مصحف ہو اور کتنا ہی چھوٹا ہو اسے سینے اور اس کی جلد سازی کا پورا کام مجمع کے اندر ہی انجام پاتا ہے۔ پریس میں مختلف طرح کی جلد اور غلاف تیار کرانے کے لئے مشینیں بھی ہیں۔ کچھ مشینیں صرف کاٹنے کے لئے ہیں یہ ہر چیز کاٹ لیتی ہیں خواہ مضبوط کاغذ ہو یا کرتون ہو یا کپڑے ہوں یا جانوروں کی کھالیں ہوں۔ یہ مشین ۲۵ ہزار سے ۶۰ ہزار تک مصاحف کی جلد سازی ہر روز کر لیتی ہیں۔ جلدوں پر کپڑا چڑھانے کے لئے پانچ مشینیں ہیں۔ جو روزانہ دس ہزار غلاف تیار کر لیتی ہیں۔ اسی طرح فنی طور سے جلد سازی کی نوک پلک درست کرنے کے لئے بھی دو مشینیں ہیں۔ ان میں سے ہر ایک روزانہ پچیس ہزار مصحف تیار کر لیتی ہے اس رفتار سے کہ ایک گھنٹہ میں ۶۰۰ قرآن پاک کی جلد ہو جاتی ہے۔

انسانی وسائل MANPOWER کے اعتبار سے اس مجمع میں کل تقریباً پندرہ سو علماء، منتظمین، انجینیر، ماہرین فن اور کاریگر ہیں جو اپنے فرائض کی انجام دہی میں مصروف ہیں ان کی اکثریت مملکت سعودیہ عربیہ کی باشندوں پر مشتمل ہے۔ مجمع اپنے کارکنان کی رہائش کے لئے ہر طرح کی سہولیات فراہم کرتا ہے وہ ان کے رہنے کے لئے فیملی کواٹر کا اہتمام کرتا ہے، جہاں ہر طرح کی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں تاکہ سب لوگ سکون و آرام کی زندگی بسر کریں۔

مجمع میں کام کرنے والوں کی صلاحیتوں کو جلا بخشنے اور مملکت کے باشندوں کی فنی مہارت کو اور زیادہ بہتر بنانے کے لئے ایک مرکز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس مرکز کو مختلف میدانوں

کے ماہرین کی خدمات حاصل ہے جو مجمع کے تمام کارکنان کی ٹریننگ اور ریفریشر کورس کے انعقاد میں مدد دیتے ہیں۔ تربیت اور ٹریننگ کے مقصد سے مجمع دوسرے ممالک کے ماہرین فن کی خدمات بھی حاصل کرتا ہے اور خود اپنے کارکنان کو دوسرے ممالک بھیجنے کا نظم بھی کرتا ہے تاکہ اس سے مختلف میدانوں میں زیادہ سے زیادہ معلومات اور تجربات کا تبادلہ ہو سکے۔

ڈاکٹر محمد سالم عوفی نے اپنی بات ختم کرتے ہوئے کہا مجمع الملک فہد نے اس وقت ایک ممتاز اسلامی ادارہ کی حیثیت اختیار کر لی ہے۔ مدینہ منورہ کی زیارت کرنے والا ہر شخص اس ادارے کی بھی زیارت کرتا ہے ۱۴۱۵ھ کے اختتام تک تقریباً ۲۰۰،۰۰۰ مسلمانوں نے اس کی زیارت کی ہے۔

مولانا فراہیؒ کی نایاب کتابیں اب پھر دستیاب

رسائل الامام الفراهي في علوم القرآن

مولانا فراہیؒ کی تین معرکۃ الآرا تصانیف

۱۔ دلائل النظام
۲۔ التكميل في اصول التاويل
۳۔ اساليب القرآن

صفحات ۲۸۰ — کا مجموعہ — قیمت ۶۵/ روپئے

ملنے کے پتے: • ادارہ علوم القرآن، پوسٹ بکس نمبر ۹۹، سرسید نگر، علی گڑھ ۲۰۲۰۰۲
• دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڑھ (یو۔پی)